ای ویزا سے متعلق اہم معلومات

ای ویزا کے تمام درخواست گذاروں سے درخواست ہے کہ درخواست جمع کرواتے وقت مندرجہ ذیل نکات کا خاص خیال رکھیں تا کہ درخواست میں تاخیر یا اسکی نامنظوری کا احتمال نہ رہے۔

۱۔ درخواست جمع کرواتے وقت اس بات کا یقین کرلیں کہ آپ نے پاسپورٹ کی درست قسم درج کی ہے۔ زیادہ امکان یہ ہے کہ آپ کا پاسپورٹ عام یعنی Ordinary ہوگا۔ آفیشیل یا ڈپلومیٹک پاسپورٹ عام طور پر سرکاری اہلکاروں کے ہوتے ہیں۔

۲۔ درخواست جمع کرواتے وقت ویزا کی درست قسم کا انتخاب کریں۔ مثال کے طور پر فیملی ویزا صرف ان درخواست گذاروں کے لئے ہوسکتا ہے جو سابق پاکستانی ہوں یا ان کے قریبی رشتہ دار (مثلاً والدین، شوہر یا بیوی) پاکستانی شہری ہوں۔

۳۔ وہ درخواست گذار جو سابق پاکستانی ہیں، انہیں چاہیے کہ درخواست جمع کرواتے وقت اپنے ختم شدہ شناختی کارڈ یا شہریت منسوخ ہونے کے سرٹیفکیٹ کی کاپی بھی اپ لوڈ کریں۔

۴۔ اپنے پاسپورٹ کی کاپی اور German ID (Ausweis) کی فرنٹ اور بیک کاپی اپ لوڈ کریں۔

۵۔اٹھارہ سال سے کم عمر کے بچوں کے ویزا کی درخواست کی صورت میں دونوں والدین تحریری طور پر دستخط شدہ اقرار نامہ اپ لوڈ کریں جس میں وہ اپنے بچوں کے پاکستان لے جانے کی رضامندی ظاہر کریں۔اس کے ساتھ دونوں والدین اپنے جرمن اور پاکستانی شناختی کارڈ کی کاپی بھی اپ لوڈ کریں۔ (اقرار نامہ ملحق ہے۔)

۶۔اپنی ملازمت یا ذریعہ معاش، رہائشی پتہ، اور ٹیلی فون نمبر کی مکمل معلومات فراہم کریں۔

۷۔درخواست جمع کروانے سے پہلے اس بات کا یقین کرلیں کہ آپ نے تمام معلومات مکمل اور صحیح دی ہیں۔

۸۔ہر دستاویز صرف ایک مرتبہ ہی اپ لوڈ کرنا کافی ہے۔

۹۔ویزا فیس قونصلیٹ جنرل آف پاکستان فرینکفرٹ نہیں وصول کرتا۔

۱۰۔ای ویزا کے حصول کے لئے آپ کو قونصلیٹ جنرل آف پاکستان فرینکفرٹ میں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

https://visa.nadra.gov.pk/

Parents' Authority Letter

(For e-visa Application of children under 18 years of age)

I/ we hereby permit our following children to obtain Pakistani visa from the Consulate General of Pakistan, Frankfurt, for their travel to Pakistan: -

S.No.	Children's Names
1.	
2.	
3.	
4.	
5.	

Name & Signature of Father _____

Name & Signature of Mother _____